﴿3﴾... قیامت کے دن ...

﴿4﴾... معبودِ حقیقی صرف اللہ **پاک** ہے، اس کے سوا کسی کی عبادت جائز نہیں۔

﴿5﴾... اللہ **پاک** کی مرضی کے بغیر کوئی کسی بھی طرح کی مدد نہیں کر سکتا۔

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: کیا اللہ **پاک** کی مرضی کے بغیر کوئی کسی کی مدد کر سکتا ہے؟

جواب: اللہ پاک کی مرضی کے بغیر کوئی کسی بھی طرح کی مدد نہیں کر سکتا

سوال 2: سورۂ فاتحہ میں کن لوگوں کے راستے پر چلنے کی دعا مانگی گئی ہے؟

جواب: سورہ فاتحہ میں ان لوگوں کے راستے پر چلنے کی دعا مانگی گئی جن پر اللہ تعالیٰ نے احسان کیا۔



CamScanner

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کیا آپ انعام یافتہ بندوں کے راستے پر چل رہے ہیں؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... دعا کے چند آداب تحریر کیجیے۔

ہر مسلمان کو اللہ تعالیٰ سے سیدھے راستے پر ثابت قدمی کی دعا مانگنی چاہیے۔

عبادت کرنے کے بعد بندے کو دعا میں مشغول ہونا چاہیے۔

صرف اپنے لیے دعا نہیں مانگنی چاہیے۔ بلکہ سب مسلمانوں کے لیے دعا مانگنی چاہیے۔ کہ اس طرح دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔

دستخط ٹیچر: ____________ دستخط سرپرست: ____________

## ہر مرض کی شفاء

صحابیِ رسول حضرت جابر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ سے نبیِ پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اے جابر! کیا میں تجھے قرآن میں نازل شدہ سب سے اچھی سورت نہ بتا دوں؟ حضرت جابر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ نے عرض کی: کیوں نہیں...

﴿6﴾... قرآن نازل ہونے کا مقصد حق بیان کرنا ہے، ایمان والے اسے قبول کر کے ہدایت پا جاتے ہیں اور اس کا انکار کرنے والے گمراہ ہو جاتے ہیں۔

﴿7﴾... انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام فرشتوں سے افضل ہیں اور ان سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: قرآنِ پاک کی سب سے بڑی سورت کون سی ہے؟

جواب: قرآن پاک کی سب سے بڑی سورت "سورۃ البقرہ" ہے۔

سوال 2: سورۂ بقرہ کو "بقرہ" کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: عربی میں بقرہ گائے کو کہتے ہیں۔ اس سورت کی آیت نمبر 67 تا 73 میں بنی اسرائیل کی ایک گائے کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ اسی مناسبت سے اسے "سورہ بقرہ" کہتے ہیں

سوال 3: دنیا میں ہدایت اور آخرت میں کامیابی کن لوگوں کے لیے ہے؟

جواب: Pg no 5

سوال 4: آیت نمبر 27 میں فاسقوں کی کتنی اور کون کون سی علامات بیان کی گئی ہیں؟

جواب: 3 علامتیں بیان کی گئی ہیں 1۔ وہ لوگ جو اللہ کے وعدے کو پختہ ہونے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں۔ 2۔ اس چیز کو کاٹتے ہیں جس کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے۔ 3۔ اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں۔

سوال 5: کیا قرآنِ کریم کی مثل سورت یا آیت کوئی بنا سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔

سوال 6: حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو کس سبب سے فرشتوں پر فضیلت حاصل ہوئی؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھا دیے۔ انبیاء کرام علیہم السلام فرشتوں سے افضل ہیں اور ان سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔

﴿7﴾... ... کرام علیہم

﴿8﴾... نیک لوگوں بالخصوص انبیائے کرام علیہم

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: بنی اسرائیل کے لیے آسمان سے کتنے اور کونسے کھانے اترتے تھے؟

جواب: بنی اسرائیل کے لیے آسمان سے دو کھانے من اور سلویٰ اترتے تھے۔

سوال 2: "مَنّ وسَلوىٰ" کی وضاحت کیجیے۔

جواب:

سوال 3: میدان تِیہ میں بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام سے پانی طلب کیا تو کس معجزے کا ظہور ہوا؟

جواب: جب بنی اسرائیل نے پانی کا مطالبہ کیا تھا تو حضرت موسیٰ سے فرمایا گیا اپنا عصا زمین پر مارو جس سے زمین سے 12 چشمے جاری ہو گئے اور ہر ایک نے اپنے پینے کی جگہ کو

**سوال 4:** بنی اسرائیل نے "من و سلویٰ" کے بدلے کن چیزوں کا مطالبہ کیا تھا؟

**جواب:** بنی اسرائیل نے من و سلویٰ کے بدلے زمین میں اُگائی جانے والی چیزوں کا مطالبہ کیا جیسے ساگ، ککڑی، گندم، مسور کی دال اور پیاز وغیرہ

**سوال 5:** اللہ پاک کی بارگاہ میں اجر و ثواب کا اصل حقدار کون ہے؟

**جواب:** ایمان والوں نیز یہودیوں، عیسائیوں اور ستاروں کی پوجا کرنے والوں میں جو سچے دل سے اللہ عزوجل اور آخرت پر ایمان لائیں اور نیک کام کریں

**سوال 6:** ہفتہ کے دن شکار کرنے والوں کو کیا سزا دی گئی تھی؟

**جواب:** انہیں اللہ عزوجل نے فرمایا کہ دھتکارے ہوئے بندر بن جاؤ۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کیا آپ اللہ پاک کی ناشکری سے بچتے ہیں؟

﴿2﴾... کہیں آپ قرآن و حدیث اور شریعت کا مذاق تو نہیں اڑاتے؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام کو تورات عطا کیے جانے، قوم کا بچھڑے کی پوجا کرنے اور ان کی توبہ کا واقعہ بیان کیجیے۔

دستخط ٹیچر: ____________

دستخط سرپرست: ____________

4... پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تشریف آوری سے پہلے یہود آپ کے وسیلے سے فتح ونصرت کی دعا مانگتے تھے۔

5... حسد ایسا خطرناک مرض ہے جو کفر تک بھی لے جاسکتا ہے۔

6... اللہ پاک کے پیاروں سے دشمنی اللہ پاک سے دشمنی ہے۔

7... پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی شان میں ایسا لفظ بھی نہ بولا جائے جس میں بے ادبی کا شائبہ ہو۔

## ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 83 میں بنی اسرائیل کو کیا احکام دیئے گئے؟

جواب: اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، ماں باپ سے بھلائی کرو، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو، لوگوں سے اچھی بات کہو، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو۔

سوال 2: جو شخص اللہ اور اس کے رسول کے احکامات ماننے سے انکار کرے اس کے لیے کیا حکم ہے؟

جواب: اسکے لیے دنیا میں ذلت و رسوائی اور آخرت میں اسے شدید ترین عذاب کی طرف لوٹایا جائے گا۔

سوال 3: رُوحُ القُدُس (پاک روح) کس کا لقب ہے؟

جواب: حضرت جبرائیل علیہ السلام کا

سوال 4: ہاروت و ماروت کون ہیں؟

جواب: یہ دو فرشتے ہیں جنہیں بنی اسرائیل کی آزمائش کے لیے بھیجا گیا۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾ ... کہیں آپ حسد کا شکار تو نہیں؟

﴿2﴾ ... معاذَ اللہ! کہیں آپ اللہ پاک کے پیاروں سے دشمنی تو نہیں رکھتے؟

﴿5﴾... قرآن سمجھنے کے لئے حدیث کی بھی ضرورت ہے۔

﴿6﴾... اولاد کو گناہوں سے بچنے اور دین پر قائم رہنے کی نصیحت بھی کرنی چاہیے۔

﴿7﴾... مسلمان ان تمام کتابوں پر ایمان رکھتا ہے جو اللہ پاک نے انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام پر نازل فرمائیں۔

﴿8﴾... اللہ پاک کو پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رضا پسند ہے کہ آپ کی خوشی کے لئے خانہ کعبہ کو قبلہ بنایا گیا۔

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: قرآنِ پاک کے کوئی تین حقوق بیان کیجئے۔

جواب: 1 قرآن کی تلاوت کرنا 2 ایسے تلاوت کرنا جیسے اس کا حق ہے

قرآن پر ایمان رکھنا

سوال 2: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 138 میں اللہ پاک کے رنگ سے کیا مراد ہے؟

جواب: جس طرح رنگ کپڑے کے ظاہر و باطن میں سرایت کر جاتا ہے اس طرح اللہ عزوجل کے دین کے سچے عقائد ہمارے رگ و پے میں سما گئے ہیں۔ ہمارا ظاہر و باطن اسکے رنگ میں رنگ گیا ہے ہمارا رنگ ظاہری رنگ نہیں جو فائدہ نہ دے بلکہ یہ نفوس کو پاک کرتا ہے۔

سوال 3: تبدیلِ قبلہ کی کوئی ایک حکمت بتائیے۔

جواب: اسکی ایک حکمت یہ تھی کہ دیکھا جائے کون رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھر جاتا ہے

سوال 4: پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آمد کا کیا مقصد بیان کیا گیا ہے؟

جواب: لوگوں پر ہماری آیت تلاوت فرماتا ہے، انہیں پاک کرتا ہے انہیں کتاب اور پختہ علم سکھاتا ہے اور انہیں وہ تعلیم دیتا ہے جو انہیں معلوم نہیں

سوال 5: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 154 میں شہید کے متعلق کیا فرمایا گیا ہے؟

جواب: اور جو اللہ عزوجل کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں اس کا شعور نہیں



CamScanner

7 ... کان، زبان اور آنکھ کا پورا فائدہ یہ ہے کہ ان ...

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: صفاو مروہ پہاڑوں کو اللہ پاک کی نشانی قرار دیا گیا ہے انہیں یہ عظمت کیوں حاصل ہوئی؟

جواب: جس چیز کو صالحین سے نسبت ہو جائے وہ چیز عظمت والی بن جاتی ہے۔ جیسے صفاہ مروہ پہاڑ حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قدم کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی نشانی بن گئے۔

سوال 2: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 173 میں کتنی اور کون کونسی چیزوں کو حرام کہا گیا ہے؟

جواب: 1) مردار 2) خون 3) خنزیر کا گوشت 4) وہ جانور جسے غیر اللہ کے نام پر ذبح ...

سوال 3: قصاص میں زندگی کس طرح ہے حالانکہ اس میں تو قتل کے بدلے قتل ہے؟

جواب: قصاص میں قوموں اور لوگوں کی حیات بیان کی گئی جس قوم میں ظالم کی پردہ پوشی اور حمایت کی جائے وہ تباہ برباد ہو جاتی ہیں اور جہاں ظالم اور مجرم کو سزا دی جائے وہاں جرائم خود بخود کم ہو جاتے ہیں۔

سوال 4: ہم پر کس مہینے کے روزے فرض ہوئے؟

جواب: رمضان المبارک

سوال 5: رمضان المبارک کو عظمت و شرافت کس سبب سے حاصل ہوئی؟

جواب: اس مہینے کی دو اہم فضیلتیں ہیں۔ پہلی یہ کہ اس میں قرآن اتارا گیا دوسری یہ کہ روزوں کے لیے اس مہینے کا انتخاب ہوا۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ برے خاتمے سے بے خوف تو نہیں؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... روزے کے پانچ طبی فوائد تحریر کیجیے۔

دستخط سرپرست: ____________

دستخط ٹیچر: ____________

وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع

| يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ | لَعَلَّهُمْ | لِلنَّاسِ | اٰيٰتِهٖ | يُبَيِّنُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت حاصل کریں | تاکہ وہ | لوگوں کے لئے | اپنی آیتیں | بیان کرتا ہے | اور |

اور اپنی آیتیں لوگوں کے لئے بیان کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ○

## ذہن نشین کیجیے

﴿1﴾... اسلام عدل وانصاف اور پاکیزہ کردار کا درس دیتا ہے۔

﴿2﴾... اسلامی احکام امیر وغریب، گورے کالے، عربی عجمی سب کے لئے برابر ہیں۔

﴿3﴾... اللہ پاک سے صرف دنیا کی بھلائی نہ مانگی جائے بلکہ دنیا وآخرت دونوں کی بھلائی کا سوال کیا جائے۔

﴿4﴾... اپنی بات پر اَڑ جانا، دوسرے کی بات ماننے کو توہین سمجھنا اور نصیحت قبول نہ کرنا منافق کی علامات ہیں۔

﴿5﴾... ہمیں دینِ اسلام کے تمام احکام پر پوری طرح عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

﴿6﴾... غریب مسلمانوں اور دین دار لوگوں کا مذاق اڑانا یا ان کی تذلیل کرنا کافروں کا طریقہ ہے۔

﴿7﴾... نیکی پر اجر وثواب دینا بھی اللہ پاک کا فضل ہے۔

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: کیا کسی کے مال ودولت یا شہرت وغیرہ کی وجہ سے اسلامی احکام کو بدل سکتے ہیں؟

جواب: جی نہیں

سوال 2: حدودِ حرم میں جنگ کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: حدود حرم میں جنگ کرنا جائز نہیں لیکن اگر کفار پہلے ابتداء کریں تو انکو جواب دے کے جنگ کر سکتے ہیں۔

سوال 3: کیا مسلمان و مشرک کا آپس میں نکاح ہو سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں مسلمان و مشرک کا آپس میں نکاح باطل و حرام ہے۔

سوال 4: کسی چیز کے اچھا یا برا ہونے کا مدار کس پر ہے؟

جواب: کسی چیز کے اچھا یا برا ہونے کا مدار انسان کی سوچ پر نہیں بلکہ اللہ عزوجل کے حکم پر ہے جس چیز کا اللہ عزوجل نے حکم دیا وہ بہر حال ہمارے لئے بہتر اور جس سے منع کیا وہ بہر حال ہمارے لئے بہتر نہیں۔

سوال 5: مسلمان کا مذاق اڑانا کس کا طریقہ ہے؟

جواب: مسلمان اور دیندار لوگوں کا مذاق اڑانا کفار کا طریقہ ہے۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ غریب مسلمانوں کا مذاق تو نہیں اڑاتے؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... اس سبق میں سورۂ بقرہ کے تحت بیان کی گئی منافق کی علامات اور خرابیاں تحریر کیجیے۔

دستخط ٹیچر:

CamScanner

نَتۡلُوۡهَا عَلَيۡكَ بِالۡحَقِّ وَاِنَّكَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَتۡلُوۡهَا | عَلَيۡكَ | بِالۡحَقِّ | وَ | اِنَّكَ | لَمِنَ | الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۲۵۲﴾ |
| ہم پڑھتے ہیں انہیں | تم پر | حق کے ساتھ | اور | بیشک تم (ہو) | ضرور سے | رسولوں |

جو اے حبیب! ہم آپ کے سامنے حق کے ساتھ پڑھتے ہیں اور بیشک تم رسولوں میں سے ہو ○

## ذہن نشین کیجیے

﴿1﴾... اسلام نے زندگی کے ہر مرحلے میں طہارت اور پاکیزگی کا زبردست نظام قائم کیا ہے۔

﴿2﴾... نیک کاموں سے باز رہنے کی قسم کھانا جائز نہیں اگر ایسی قسم کھالی تو قسم پوری نہ کی جائے بلکہ نیک کام کر کے قسم کا کفارہ دے دیا جائے۔

﴿3﴾... ایک یا دو طلاق دینے کے بعد انتقام اور ظلم کی نیت سے رجوع کرنا سخت بُرا ہے۔

﴿4﴾... تین طلاقیں تین مہینوں یا ایک مہینے یا ایک دن یا ایک نشست یا ایک جملے میں دی جائیں ہر صورت تینوں ہو جاتی ہیں۔

﴿5﴾... اللہ پاک کے پیاروں سے نسبت رکھنے والی چیز بابرکت ہوتی ہے، جیسے تابوتِ سکینہ جس میں حضرت موسیٰ و ہارون عَلَیۡہِمَا السَّلَام کے تبرکات وغیرہ تھے۔

﴿6﴾... صرف ظاہری اسباب پر بھروسا نہ کیا جائے بلکہ اللہ پاک کی بارگاہ میں صبر، ثابت قدمی اور مدد کی دعا بھی کی جائے۔



CamScanner

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: نیکی نہ کرنے کی قسم کھالی تو کیا حکم ہے؟

جواب:

سوال 2: ماں اپنے بچے کو کتنی عمر تک دودھ پلا سکتی ہے؟

جواب: 87

سوال 3: آیت نمبر 238 میں کس نماز کا خاص طور پر پابندی کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: 90
اور نماز وسطیٰ سے عصر کی نماز مراد ہے۔

سوال 4: طالوت کے لشکر کی کس طرح آزمائش کی گئی؟

جواب: 94

سوال 5: تابوتِ سکینہ میں کیا تھا؟

جواب: تابوت سکینہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم پر نازل کیا اس میں انبیاء کرام کی تصویریں اور ان کے مکانات کی تصویریں تھیں پھر یہ نسل در نسل حضرت موسیٰ تک پہنچا۔ آپ اس میں اپنا تورات اور اپنا مخصوص سامان بھی رکھتے تھے۔ اس میں حضرت موسیٰ کا عصا اور کپڑے اور نعلین اور حضرت ہارون کا عمامہ، عصا اور تھوڑا [illegible] من اور سلویٰ جو بنی اسرائیل پر نازل ہوا اس میں تھا۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... آپ بات بات پر قسم تو نہیں کھاتے؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... طالوت کا قصہ غور سے پڑھیں اور اس سے حاصل ہونے والی کوئی مفید بات تحریر کریں۔

دستخط ٹیچر:

CamScanner

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: نمرود کے خدا ہونے کے دعوے پر حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام نے اسے کس طرح لاجواب کیا؟

101

جواب:

سوال 2: ریاکاری کا اعمال پر کیا اثر پڑتا ہے؟

جواب: ریاکاری سے اعمال باطل ہو جاتے ہیں 103

سوال 3: راہِ خدا میں خرچ کرنے سے شیطان کس طرح روکتا ہے؟

جواب: شیطان طرح طرح کے وسوسے ڈالتا ہے کہ مال خرچ کرو گے تو خود فقیر و نادار ہو جاؤ گے

105

سوال 4: راہِ خدا میں خرچ کرنے کا ثواب کتنا بڑھا کر دیا جاتا ہے؟

جواب: اخلاص سے کئے گئے عمل کا ایک ذرہ بھی ضائع نہیں ہوگا بلکہ بارگاہ الٰہی سے برابر کا صلہ ضرور ملے گا
صلہ سات سو گنا سے کروڑوں گنا ہو سکتا ہے

سوال 5: حضرت عزیر عَلَیْہِ السَّلَام کتنے سال بعد دوبارہ زندہ ہوئے؟

جواب: 100 سال بعد

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... آپ سوال کرنے والے کو جھڑکتے تو نہیں یا دینے کے بعد احسان جتلا کر شرمندہ تو نہیں کرتے؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... آیۃ الکرسی زبانی یاد کیجیے اور ہر نماز کے بعد نیز رات کو سونے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنا...

﴿6﴾... [illegible]

﴿7﴾... کسی بھی قوم کی تباہی اسی صورت میں ہوتی ہے جب وہ عمل سے منہ پھیر کر [illegible] اور [illegible] دنیا [illegible] کو [illegible] ہے۔

﴿8﴾... کفار سے دوستی اور محبت ممنوع و حرام ہے، انہیں رازدار بنانا اور ان سے دلی تعلق رکھنا بھی ناجائز ہے۔

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: سورۂ آلِ عمران کہاں نازل ہوئی؟

جواب: مدینہ منورہ میں

سوال 2: "حَیّ" اور "قَیُّوم" کا کیا معنیٰ ہے؟

جواب: حی دائم و باقی کے معنی میں ہے یعنی اسکا معنی ہے کہ ایسا ہمیشہ رہنے والا جسکی موت ممکن نہ ہو جبکہ قیوم وہ ہے جو قائم بذات یعنی بغیر کسی دوسرے کی محتاجی اور تصرف کے خود قائم ہو اور مخلوق کی دنیا اور آخرت کی زندگی کا [illegible]



CamScanner

سوال 3: "مُحکَم" آیات سے کیا مراد ہے؟

جواب: محکم سے مراد وہ آیات ہے جنکے معنیٰ میں کوئی اشتباہ نہیں بلکہ قرآن سمجھنے کی اہلیت رکھنے والے کو آسانی سے سمجھ آجاتی ہے

سوال 4: سورۂ آلِ عمران کی آیت نمبر 21 میں بنی اسرائیل کے کتنے اور کون کونسے جرائم بیان کئے گئے ہیں؟

جواب: 3 جرائم 1) اللہ عزوجل کی آیات کا انکار کرنا 2) انبیاء کرام کو شہید کرنا 3) انصاف کا حکم دینے والوں کو قتل کرنا

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ بھی دنیاوی چیزوں کی بے جا محبت میں مبتلا تو نہیں؟

## کرنے کے کام:

... سورۂ آلِ عمران کی آیت نمبر 16 اور 17 میں بیان کئے گئے متقین کے اوصاف اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

CamScanner

﴿6﴾...بزرگوں سے لوگوں کے الزام دور کرنا اللہ پاک کی سنت ہے اور ان کی عظمت کی حمایت محبوب رب

﴿7﴾... نبوت اعمال سے نہیں ملتی یہ محض اللہ پاک کا فضل ہے۔

﴿8﴾... دھوکے اور ظلم کے طور پر کسی کا مال دبالینا حرام ہے اگرچہ وہ دوسرے مذہب سے تعلق رکھتا ہو۔

﴿9﴾... علم کا فائدہ یہ ہے کہ بندہ اللہ پاک کا مقرب ہو جائے اور جسے یہ فائدہ حاصل نہ ہو اس کا علم بے کار ہے۔

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: کیا حضرت مریم رَضِیَ اللہُ عَنْہَا قیامت تک آنے والی تمام عورتوں سے افضل ہیں؟

جواب: حضرت مریم اپنے زمانے کی تمام عورتوں سے افضل تھیں۔ بے شک کہ انکا مرتبہ حضرت عائشہ اور حضرت خدیجہ سے بھی بڑھ کر ہو۔

سوال 2: حضرت مریم رَضِیَ اللہُ عَنْہَا کے رزق کا انتظام کہاں سے ہوتا تھا؟

جواب: اللہ عزوجل نے حضرت مریم کو بہت عظمت عطا فرمائی۔ آپکے پاس بے موسم کے پھل آتے جو جنت سے اترتے تھے اور حضرت مریم نے کسی عورت کا دودھ نہ پیا۔

سوال 3: آیت مباہلہ کونسی آیت کہلاتی ہے۔ آیت مع ترجمہ لکھیں اور یاد کریں۔

جواب:

Pg no 182

سوال 4: کیا اللہ پاک کے پیارے غیب کی خبریں جانتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! اللہ عزوجل کے پیارے غیب کی خبریں جانتے ہیں جیسے حضرت عیسیٰ گھروں میں رکھی ہوئی چیزوں کو بھی جانتے تھے۔ سمجھاں خدا کے بتائے علم غیب جاننا توحید کے منافی نہیں بلکہ اللہ عزوجل کی عطا کا انکار کرنا توحید کے منافی

﴿5﴾... اللہ پاک کے نزدیک پسندیدہ دین اب صرف اسلام ہے۔

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: دین ابراہیمی سے مراد کون سا دین ہے؟

جواب: اس سے مراد ہے دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرو اور اسکی پیروی دین ابراہیم کی پیروی ہے۔ دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس ملت کو اپنے اندر لئے ہوئے ہیں۔

سوال 2: کیا اب کسی کو نبوت ملنا ممکن ہے؟

جواب: جی نہیں! اب کسی کو نبوت ملنا ممکن نہیں۔

سوال 3: کیا ہمارے لئے قرآن پاک کی طرح دیگر کتابوں پر عمل کرنا جائز ہے؟

جواب:

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ جھوٹی قسم کھا کر تو مال حاصل نہیں کرتے؟

CamScanner

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 113 اور 114 کی روشنی میں اہلِ کتاب میں سے ایمان والوں کے کوئی 3 اوصاف بیان کیجیے۔

جواب: سجدہ کرتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے منع کرتے ہیں، رات کے آخری لمحوں میں اللہ عزوجل کی آیتیں تلاوت کرتے ہیں۔

سوال 2: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی مدد کے لئے کتنے فرشتے نازل کیے گئے؟

جواب: 5000

سوال 3: سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 134 اور 135 میں متقین کے کتنے اور کون سے اوصاف ذکر کیے گئے ہیں؟

جواب: خوشحالی اور تنگ دستی میں اللہ عزوجل کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، غصہ پی جاتے ہیں، درگزر کرتے ہیں، جب بے حیائی کا ارتکاب کریں یا اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اللہ کو یاد کرکے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں۔

سوال 4: دوسروں کے اعمال دکھاکر کسی کو جوش دلانا کیسا؟

جواب: سنت الٰہیہ

سوال 5: جنت کتنی وسیع ہے؟

جواب: جنت کی وسعت زمین و آسمان کے برابر ہے۔

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کیا آپ نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے منع کرتے ہیں؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... کفار سے تعلقات کے بارے میں اسلامی تعلیمات اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

﴿5﴾... شہید کو مردہ گمان کرنے سے بچی ...

# ذہنی مشق

## سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: کیا موت سے بچنا ممکن ہے؟

جواب: جی نہیں! انسان ہوں یا فرشتے ہوں یا جن اللہ عزوجل کے سوا ہر زندہ چیز کو موت آتی ہے۔

سوال 2: کافروں کے مکر و فریب سے کس طرح بچا جا سکتا ہے؟

جواب: ______

سوال 3: کیا نبی عَلَیْهِ السَّلَام سے خیانت متصوَّر ہے؟

جواب: کسی نبی کا خیانت کرنا ممکن ہی نہیں، اور جو خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اس چیز کو لے کر آئے گا جس میں اس نے خیانت کی ہو گی

سوال 4: شہید کی زندگی کے بارے میں قرآن میں کیا تعلیم دی گئی ہے؟

جواب: اور جو اللہ عزوجل کی راہ میں شہید کئے گئے انہیں مردہ خیال نہ کرو وہ زندہ ہیں انہیں رزق مل رہا ہے

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ آزمائشوں اور مصیبتوں سے گھبرا کر واویلا تو نہیں کرتے؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... کافروں کے مشورے اور ہدایات پر چلنے سے متعلق اسلامی تعلیمات اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

دستخط ٹیچر: ______

CamScanner

| تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ | لَعَلَّكُمْ | اللّٰهَ | اتَّقُوا | وَ |
|---|---|---|---|---|
| فلاح، کامیابی پاؤ | تاکہ تم | اللہ (سے) | ڈرتے رہو | اور |

اور اللہ سے ڈرتے رہو اس امید پر کہ تم کامیاب ہو جاؤ○

## ذہن نشین کیجیے

﴿1﴾... آخرت میں کافر کو اچھے کام کا صلہ نہیں دیا جائے گا۔

﴿2﴾... آخرت میں کافروں کا کوئی مدد گار نہیں ہو گا۔

﴿3﴾... مسلمان کو آخرت میں اس کے اعمال کا پورا پورا صلہ دیا جائے گا۔

﴿4﴾... اللہ پاک رسولوں کو غیب پر مطلع فرماتا ہے۔

﴿5﴾... انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کی شان میں گستاخی کرنے والا شانِ الٰہی میں گستاخی کرنے والے کی طرح جہنم کا مستحق ہے۔

﴿6﴾... کائنات میں موجود تمام چیزیں اپنے خالق کی وحدانیت پر دلالت کرنے والی اور اس کے جلال و کبریائی کو ظاہر کرنے والی ہیں۔

## ذہنی مشق

### سوالات کے جوابات دیجئے:

سوال 1: کیا اللہ پاک غیب کا علم کسی کو عطا فرماتا ہے؟

جواب: جی ہاں! اللہ پاک رسولوں کو غیب پر مطلع فرماتا ہے

سوال 2: بخل کیا ہے؟

جواب: جہاں شرعاً یا عرفاً یا عادت کے اعتبار سے خرچ کرنا واجب ہو وہاں خرچ نہ کرنا بخل ہے

سوال 3: جو اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہ کرے اس کے لئے کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

جواب: جسکو اللہ نے مال دیا اس نے اسکی زکوٰۃ ادا نہ کی تو وہ مال روز قیامت گنجے سانپ کی طرح لپیٹ دیا جائے گا اور کہے گا میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ

سوال 4: حقیقی کامیابی کیا ہے؟

جواب: قیامت میں حقیقی کامیابی یہ ہے کہ بندے کو جہنم سے نجات دے کر جنت میں داخل کر دیا جائے جبکہ دنیا

میں کامیابی نفس کی کامیابی ہے بلکہ اگر یہ کامیابی آخرت میں نقصان پہنچا رہی ہے تو حقیقت میں یہ خسارہ ہے

## اپنا جائزہ لیجیے:

﴿1﴾... کہیں آپ خیانت جیسے مہلک مرض میں مبتلا تو نہیں؟

## کرنے کے کام:

﴿1﴾... حقیقی کامیابی کیا ہے اس کو اپنے انداز میں تحریر کیجیے۔

دستخط ٹیچر: ____________

دستخط سرپرست: ____________

CamScanner